## ایم کیوایم برنس روڈ کے ذمہ دار رئیس احمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔30، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم برنس روڈ سیکٹر یونٹ 23 کے فنانس سیکریٹری رئیس احمد ولد جمیل احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ رئیس احمد مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## ایم کیوایم برنس روڈ کے ذمہ دار رئیس احمد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔30، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم برنس روڈ سیکٹر یونٹ 23 کے فنانس سیکریٹری رئیس احمد کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## حق پرست عوام فرخ اعظم کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔30، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی کراچی مضافاتی کمیٹی کے رکن فرخ اعظم کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ فرخ اعظم کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر کے کارکن ندیم کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔30/جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر یونٹ 58 کے کارکن ندیم خان کے والد نعیم خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## بلوچستان کو آفت زدہ علاقہ قرار دیا جائے، ایم کیوایم بلوچستان

کوئٹہ۔۔۔30/جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان کے صوبائی آرگنائزر محمد یوسف شاہوانی اور صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے بلوچستان میں طوفان، سیلاب اور شدید بارشوں سے متاثرہ افراد سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان کو آفت زدہ علاقہ قرار دیا جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں طوفان، سیلاب اور بارشوں نے عوام شدید متاثر کیا ہے جس کے باعث عوام کی بڑی تعداد چھت کے سائے سے محروم ہوگئی ہے اور متاثرہ خاندان حکومت کی فوری توجہ کے منتظر ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت کی روشنی میں بلوچستان کے متاثرین کی بحالی اور امداد کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کررہے ہیں۔

## طوفان اور بارشوں سے متاثرہ خاندانوں کیلئے ایم کیو ایم کی امدادی سرگرمیاں جاری

## انور عالم، شعیب بخاری، اشفاق منگی، شبیر قائمی اور ایم اے جلیل نے شہر بھر کے مضافاتی علاقوں کا دورہ کیا

## خدمت خلق فاؤنڈیشن اور میڈیکل ایڈ کمیٹی کے مفت طبی امدادی کیمپوں پر طبی وامدادی سہولیات کی فراہمی

کراچی۔۔۔30/جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے کراچی کے مختلف علاقوں میں شدید طوفان اور بارشوں سے متاثرہ خاندانوں کی امداد کا دائرہ وسیع تر کیا جارہا ہے اور متاثرہ خاندانوں کو غذائی اجناس کے ساتھ ساتھ علاج ومعالجہ کی سہولیات بھی فراہم کی جارہی ہیں۔تفصیلات کے مطابق جمعہ کے روز متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیو ایم کی کراچی مضافاتی کمیٹی کے تحت کیماڑی ٹاؤن کے ساحلی علاقے مبارک ولیج میں حالیہ طوفان اور بارشوں سے شدید متاثرہ سینکڑوں خاندانوں میں لاکھوں روپے بھاری مالیت کی غذائی اجناس تقسیم کی گئیں اور علاقے کے عوام کو وبائی امراض سے بچانے کیلئے مفت طبّی کیمپ لگا کر متاثرین کو علاج ومعالجہ کی سہولیات فراہم کی گئیں۔اسی طرح رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج عبدالخالق بلوچ اور کمیٹی کے دیگر ارکان نے مبارک ولیج کا دورہ کیا، بارش سے متاثرہ خاندانوں سے ملاقات کی اوران میں غذائی اجناس تقسیم کیں۔اس موقع پر ایم کیو ایم ماری پور سیکٹر کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔قبل ازیں انور عالم نے ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے زیر اہتمام لگائے گئے مفت طبّی امدادی کیمپ کا دورہ کیا اور متاثرین کو فراہم کی جانے والی علاج ومعالجے کی سہولیات کا جائزہ لیا۔علاوہ ازیں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور حق پرست صوبائی وزیر سید شعیب بخاری نے ملیر کے مختلف علاقوں اور گوٹھوں کا تفصیلی دورہ کیا اور بارشوں سے متاثرہ عوام سے ملاقات کرکے ان کے مسائل معلوم کیے۔اس موقع پر ملیر ٹاؤن کے ناظم انصار احمد، ایم کیو ایم ملیر سیکٹر کمیٹی کے اراکین اور علاقائی ذمہ داران بھی ان کے ہمراہ تھے۔سید شعیب بخاری نے ملیر کے مختلف علاقوں میں شدید طوفانی بارشوں کے باعث مخدوش ہونیوالے مکانات کا بھی دورہ کیا اور متاثرین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ایم کیو ایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا۔اس موقع پر انہوں نے طوفانی بارشوں کے نتیجے میں مختلف حادثات میں زخمی ہونے والے افراد کی عیادت کی اوران کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی۔قبل ازیں سید شعیب بخاری نے ملیر ٹاؤن آفس میں درجنوں متاثرہ خاندانوں میں بیت المال کی جانب سے امدادی چیک بھی تقسیم کیے۔مزید براں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی، صوبائی وزیر شبیر احمد قائمی اور کراچی مضافاتی کمیٹی کے رکن عزیز خان نے کیماڑی کے جزیرے منوڑا اور صالح آباد پر قائم ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے طبّی امدادی کیمپ کا دورہ کیا اور عوام کو طبّی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا۔اسی طرح حق پرست صوبائی مشیر ایم اے جلیل نے بن قاسم ٹاؤن کے علاقے یوسی 5 شاہ لطیف ٹاؤن رزاق آباد میں قائم خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے امدادی کیمپ کا دورہ کیا اور متاثرہ افراد کو طبّی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا۔طبی امدادی کیمپ میں موسیٰ گوٹھ، لاشاری گوٹھ، پیر سرہندی گوٹھ اور عبداللہ گوٹھ کے رہائشی 500 سے زائد مریضوں کا طبّی معائنہ کیا گیا اور انہیں بھاری مالیت کی قیمتی ادویات فراہم کی گئیں۔اس موقع پر ایم کیو ایم کی کراچی مضافاتی کمیٹی کے ذمہ داران اور کارکنان بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## ڈاکٹر فاروق ستار کی تحریک انصاف (انصاف گروپ) کے چیئرمین فاروق احمد ملک سے ملاقات

اسلام آباد۔۔30/جون 2007ء

پاکستان تحریک انصاف (انصاف گروپ) کے چیئرمین فاروق احمد ملک نے آج متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنویز وقومی اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات کی۔ملاقات میں ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر اتفاق کیا ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام کا خاتمہ دونوں جماعتوں کے منشور کا حصہ ہے اور دونوں جماعتیں فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے متحد ہوکر جدوجہد کرسکتی ہیں۔اس موقع پر باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

## بلوچستان میں پیپلز پارٹی، متحدہ مجلس عمل اور مسلم لیگ (ق) کے درجنوں رہنماؤں کی ساتھیوں سمیت متحدہ میں شمولیت

## بدترین پروپیگنڈوں کے باوجود ملک بھر کے عوام ایم کیو ایم میں شمولیت اختیار کررہے ہیں، حسین بخش پنہور

کوئٹہ۔۔۔30/جون 2007ء

بلوچستان ضلع نصیر آباد تحصیل ڈیرہ مراد جمالی کی چانڈیو، کانسی، شیخ، ببر، عمرانی، جمالی، قمبرانی، بگٹی، بروہی اور دیگر قبائل سے تعلق رکھنے والے پاکستان پیپلز پارٹی، متحدہ مجلس عمل اور پاکستان مسلم لیگ (ق) کے درجنوں رہنماؤں نے ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے متحدہ قومی موومنٹ ضلع نصیر آباد کے ضلعی آرگنائزر حسین بخش پنہور اور ضلعی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین کے ضلع نصیر آباد تحصیل ڈیرہ مراد جمالی کے گوٹھ شیر محمد چانڈیو، جڈھیر جنوبی کے تفصیلی دورے کے موقع پر ان سے ملاقات کے دوران کیا۔ ایم کیو ایم میں شمولیت اختیار کرنیوالوں میں پاکستان پیپلز پارٹی، ایم ایم اے اور مسلم لیگ (ق) کے حاجی خان چانڈیو، گاہی خان چانڈیو، امام الدین چانڈیو، عبدالجبار چانڈیو، شعبان کانسی، عبدالرحمٰن چانڈیو، منظور علی چانڈیو، خدابخش چانڈیو، محمد نواز چانڈیو، ارباب علی چانڈیو، غلام علی شیخ، غلام حیدر شیخ، حسین بخش شیخ، شہزادہ چانڈیو، عبدالباقی چانڈیو، محمد خان چانڈیو، پہلوان چانڈیو، اسلم چانڈیو، عبداللہ کانسی، رحیم بخش چانڈیو، گل حسن عمرانی، مولابخش ببر، منظور احمد شیخ، عبدالخالق ببر، طالب حسین جمالی، سکندر خان عمرانی، محمد پناہ قمبرانی، نظر محمد بروہی، عبدالعزیز بروہی، عبدالستار کانسی، بالاچ بگٹی، عزیز اللہ بروہی، ممتاز علی شیخ، عبدالمالک ببر، غمازی بعنڈ، غلام عباس بعنڈ اور اقبال قمبرانی کے علاوہ دیگر شامل ہیں۔ اس موقع پر ایم کیو ایم ضلع نصیر آباد کے ضلعی آرگنائزر حسین بخش پنہور نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کرنے والوں کا خیر مقدم کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم کا پیغام حق پرستی ملک بھر میں پھیلنے سے روکنے کیلئے بڑے پیمانے پر ایم کیو ایم کے خلاف منفی اور جھوٹا پروپیگنڈہ کیا گیا لیکن یہ ایم کیو ایم کی سچائی کا کھلا ثبوت ہے کہ پاکستان کی تاریخ کے بدترین پروپیگنڈوں کے باوجود ملک بھر کے عوام ایم کیو ایم میں شمولیت اختیار کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم ملک بھر سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ چاہتی ہے اور اب ایم کیو ایم کا پیغام ملک بھر کے عوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکا ہے۔

☆☆☆☆☆